اُمید ہے کہ کتاب کے آئندہ حصوں میں اس مسئلے کا حل بھی آجائے گا۔
صفحہ ۳۰، ۱۰۵، ۱۴۶ اور ۱۴۷ پر طباعت کی اغلاط ہیں۔ (ع۔ و)

مجلہ علم و ادب، لاہور | نگرانِ اعلیٰ: سیّد اسعد گیلانی۔ مجلسِ ادارت: پروفیسر آسی ضیائی۔ سیّد نظر زیدی۔ رنگین سرورق۔ صفحات: ۳۲۲۔ سائز ۳۰×۲۰

اِس مجلّے میں ادارۂ علم و ادب پاکستان کے کل پاکستان کنونشن، منعقدہ ۲۳ تا ۲۴ مارچ ۱۹۸۹ء کی رُوداد ہے۔ پڑھے جانے والے منتخب مضامین نظم و نثر شائع کئے گئے ہیں۔

ادارۂ علم و ادب دو بڑے مقصد پیش نظر رکھ کر قائم کیا گیا ہے — پہلا لادینی افکار اور فحش رجحانات سے پاک ادب کی تخلیق اور دوسرا تعمیرِ وطن۔ مجلے کے بیشتر مضامین یہی مقاصد لیے ہوئے ہیں اور بہت خوب ہیں۔ صاف ستھرا ادب پیش کرنے کی یہ ایک عمدہ کوشش ہے۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ احباب نہ صرف یہ مجلہ خریدیں، بلکہ ادارۂ علم و ادب سے وابستہ ہوں۔ (ن۔ ز)

آسان اُصولِ فقہ | مصنف: مولانا محمد محی الدین۔ صفحات: ۸۸۔ قیمت: ۱۰/۵۰ روپے
ملنے کا پتہ: قدیمی کتب خانہ، مقابل آرام باغ، کراچی ۱

فقہ حنفی کے اُصولِ فقہ پر مبنی یہ ایک ایسی ابتدائی کتاب ہے جسے نصاب اور تدریسی نقطۂ نظر سے اُردو زبان میں مرتب کیا گیا ہے۔ ہمارے مدارسِ دینیہ میں "اصول الشاشی" کے نام سے اُصولِ فقہ پر جو کتاب، داخل نصاب ہے، اس کی تدریس سے پہلے اگر یہ کتاب "آسان اُصولِ فقہ" پڑھائی جائے تو بہت مفید رہے گی۔ آسان انداز سے تمام مباحث کو سمیٹ لیا گیا ہے۔ مثلاً ادلۂ شرعیہ (قرآن، سنّت، اجماع، قیاس) سے استنباط مسائل کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل بحث موجود ہے۔ (م۔ ر)

معارف القرآن | مؤلفین: پروفیسر شیخ سعید اختر و پروفیسر رانا احسان الرحمٰن۔
ناشر: مکتبہ کاروان کچہری روڈ، لاہور۔ ضخامت: ۲۹۲ صفحات۔ قیمت درج نہیں۔

زیرِ تبصرہ تالیف معارف القرآن، علم سے ذوق اور آگہی کا اشتیاق رکھنے والے طلباء کے لیے سامانِ بصیرت ہے۔

پروفیسر موصوف غالباً بیس بائیس سال سے شعبۂ تعلیم سے منسلک ہیں۔ اپنی اس وابستگی کو انھوں نے تفہیم قرآن وحدیث کے لیے نہایت عمدہ اور عام فہم اسلوب اختیار کیا ہے۔ قرآن حمید کے صحیح شعور کے ساتھ اعتدال و توازن کی راہ بھی دکھا دی ہے۔

اُمید ہے کہ موصوف کی یہ تالیف مقبولِ خاص و عام ہوگی اور طلباء کے لیے دلیلِ راہ بھی بنے گی۔

اپنی جملہ خصوصیتوں اور امتیازات کے باوجود کتاب میں کتابت کی بہت غلطیاں موجود ہیں۔ مثلاً ص ۲۰۳، ص ۲۱۰؛ ص ۲۱۶، ص ۲۲۳؛ ص ۲۳۹، ص ۲۵۰، ص ۲۶۳ اور ص ۲۷۱ پر الفاظ یا اعراب کی صریح غلطیاں ہیں۔

کتاب کی افادیت امتحانی لحاظ سے بھی اور فہم کے لحاظ سے بھی اپنی جگہ برقرار ہے۔ آئندہ اغلاط کو درست کر دیا جائے۔ (ع۔ د)

جدید فقہی مسائل (حصہ اوّل) | مؤلف: مولانا سیف اللہ رحمانی (حیدر آباد دکن)
صفحات: ۳۱۶۔ ناشر اور ملنے کا پتہ۔ حزا پبلی کیشنز، اُردو بازار، لاہور۔
قیمت: ۴۸/- روپے۔

زیرِ نظر کتاب دورِ جدید کے تقریباً ڈھائی سو فقہی مسائل پر مشتمل ہے، جسے مؤلف نے مختلف فتاویٰ اور ماخذ و مراجع کی مدد سے مرتب کیا ہے۔ اور اس میں بالعموم متفقہ شرعی ہیں۔ تجدد کا شائبہ نہیں ہے۔ مؤلف نے بعض مقامات پر اپنی رائے کا اضافہ بھی کیا ہے، جو اُن کے تفقہ فی الدین پر دلالت کرتا ہے۔ آج نت نئے مسائل فقہیہ کے حل کے لیے علماء دین کا کوئی ایک مرکزی ادارہ یا بورڈ موجود نہیں ہے۔ تاہم اس دورِ زوال